ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز (647)

04.12.2023

**بہاول پور( )پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری۔ ماہ نومبر 2023 میں کل 57064 ایمرجنسی کالز میں سے 49125 فیک اور غیر متعلقہ موصول ہوئیں، شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15 پر کال کریں تا کہ پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہو سکے، پولیس کی طرف سے کسی بھی سطح پر ریسپانس میں سستی یا غفلت پر محکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات کے مطابق پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم بہاول پور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 انچارج محمد اقبال کی نگرانی میں ایکٹیو ہے۔ ماہ نومبر 2023 میں پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم پر کل 57064 کالز موصول ہوئیں، جن میں 4710 کالز پر فوری مدد فراہم کی گئی، اسی طرح 1868 کالز پر شہریوں کی رہنمائی کی گئی جبکہ 49125 جھوٹ پر مبنی اور (Repeated)1236 کالز موصول ہوئیں۔ ٹریفک کیسز سے متعلق 125 کالز موصول ہوئیں، جس پر شہریوں کو مدد اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15 پر اطلاع دیتے ہیں، متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت ریسپانس ملے تو عوام کا پولیس پر اعتماد بھی بڑھ جاتا ہے جبکہ معاشرہ سنگین وارداتوں اور ان کی حساسیت سے بھی محفوظ ہو جاتا ہے، اگر متعلقہ پولیس بروقت ریسپانس نہ کرے تو عوام کی طرف سے جہاں پر پولیس کے حوالے سے منفی تاثرات بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں وہاں پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں، پولیس کا اولین فرض ہے کہ شہریوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ کو یقینی بنائے۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اور حقیقت پر مبنی اور ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر پکار 15 پر کال کریں تا کہ عوام الناس کو پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہو سکے اور سماج دشمن عناصر کو ان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جا سکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: بہاولپور پولیس کی جانب سے پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(648)

مورخہ 04.12.2023

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 13 ملزمان گرفتار۔گرفتارملزمان سے بھاری مقدار میں شراب  واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل ۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سمہ سٹہ، تھانہ سٹی احمد پور، تھانہ، اوچشریف اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 07 ملزمان ساجد، وجاہت، دانش حنیف، مدثر اقبال، راشاد اور زاہد عرف پپی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 520 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ اوچشریف، تھانہ ہیڈ راجکاں، تھانہ ڈیراور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 06 ملزمان زاہد، علی نواز، شاہد علی خان، یعقوب علی، ارشد اور عمیر احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 عدد ریوالور 32 بور ، 02 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد رپیٹر 12 بور اور 01 عدد رائفل 44 بور برآمد کر لی ۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، شراب، منشیات کے ساتھ ساتھ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب  واسلحہ ناجائز برآمد